سوال

حجر کے اندر سے طواف

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک شخص نے حجر اسماعیل کے اندر سے طواف کیا، سعی کی، احرام کھول دیا اور گھر جا کر اپنی بیوی سے صحبت کر لی تو کیا اسے اس کا گناہ ہو گا؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ عمرہ فاسد ہے کیونکہ اس کا طواف صحیح نہیں ہے۔ اسے چاہیے کہ دوبارہ طواف اوور سعی کرے، بال منڈوائے اور دم دے۔ دم کا مطلب یہ ہے کہ عمرہ کی تکمیل سے پہلے اس نے اپنی بیوی سے صحبت کر لی ہے، اس کی وجہ سے مکہ مکرمہ میں ایک بکری ذبح کر کے فقراء میں تقسیم کر دے، نیز اس نے حجر کے اندر سے جو طواف کیا ہے، وہ بھی صحیح نہیں کیونکہ یہ ضروری ہے کہ طواف حجر کے باہر سے کیا جائے۔۔۔ حجر کے اندر سے طواف کرنے کی وجہ سے اس کا یہ عمرہ فاسد ہو گیا ہے لہذا اسے صحیح عمرہ کرنا چاہیے اور اس کے لیے اسی میقات سے احرام باندھنا چاہیے جس سے اس نے پہلے احرام باندھا تھا، نیز بیوی سے صحبت کی وجہ سے اس نے اپنے عمرہ کو جو فاسد کر لیا ہے لہذا اس پر واجب ہے کہ دوبارہ عمرہ کرے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

محدث فتوی

فتوی کمیٹی